اعراب القرآن (اردو)

تالیف: حضرت مولانا محمد قاسم مدظلہم۔صفحات: 740۔طباعت: مناسب۔

ملنے کا پتا: مکتبہ ابن عباس تخت بھائی (مردان) فون: 03369559130

قرآنی علوم و معارف کی کوئی حد نہیں، لامتناہی ہیں، قرآن مجید کے علوم میں تا قیامت اہل ہمت غواصی کرتے رہیں گے اور امت کو نئے سے نئے علوم سے متعارف کراتے رہیں گے۔ زیر نظر کتاب ''اعراب القرآن'' اردو زبان میں اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔علوم القرآن میں سے ایک ''علم الاعراب'' ہے۔ جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے اس امت کو خصوصیت دی ہے۔ یہ عربی زبان کا بھی اعجاز ہے کہ اس کے ہر لفظ کی سند، صرف اور نحو کی میزان کے ساتھ قائم ہے۔ عربی زبان میں اس عنوان سے متعدد کتابیں موجود ہیں، البتہ اردو زبان میں یہ غالبا پہلی کتاب ہے جو منظر عام پر آئی ہے۔ جامعہ ابن عباس کے استاذ مولانا محمد قاسم صاحب نے اس کام کا بیڑا اٹھایا اور حرمین شریفین کی حاضری کے موقع پر اس مبارک کام کا آغاز کیا۔ زیر نظر نسخہ اس سلسلے کی پہلی جلد ہے، جو پہلے پانچ پاروں کی صرفی نحوی ترکیب پر مشتمل ہے۔ ''حرف آغاز'' میں بتایا گیا ہے کہ...... ''اعراب القرآن کے سلسلے میں مندرجہ ذیل باتوں کا اہتمام کیا گیا ہے:...... ☆...... اجمالی ترکیب کے بعد مفصل ترکیب کی گئی ہے۔ ☆...... نحوی اصطلاحات کی تعریفیں اور متعلقہ فوائد۔ ☆...... مشکل صیغوں کی تعلیلات اور قوانین کی نشان دہی۔ ☆...... بعض مقامات میں کسی لفظ میں ترکیبی احتمالات کی نشان دہی۔ ☆...... حتی الوسع غلطی سے احتراز کے لیے قرآنی الفاظ پر اعراب کا اہتمام۔

مولانا محمد قاسم صاحب مدظلہم کی اس کے علاوہ بھی متعدد کتابیں، شروحات منظر عام پر آچکی ہیں۔ ''اعراب القرآن'' ان کتابوں میں اچھا اضافہ ہے۔

''عنایۃ الباری لطلبۃ البخاری''

تالیف: مولانا قاری محمد ادریس ہوشیار پوری مدظلہم۔صفحات: 584۔بک پیپر اشاعت۔قیمت لکھی نہیں۔ملنے کا پتا: ادارہ تالیفات اشرفیہ، چوک فوارہ ملتان۔فون: 061-4519240

حضرت مولانا قاری محمد ادریس ہوشیار پوری مدظلہم کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ حضرت مولانا قاری محمد طیب رحمۃ اللہ علیہ کے خطبات ''خطبات حکیم الاسلام'' آپ کا حوالہ اور وجہ تعارف ہیں۔ ''عنایۃ الباری لطلبۃ البخاری'' آپ کی